اس مقالے کو میں نے پانچ ابواب میں تقسیم کیا ہے۔ پہلے باب میں مصنف کے ناول ”نگری نگری پھرا مسافر“ کا سب سے پہلے ایک مختصر خلاصہ پیش کیا ہے۔ اس کے بعد میں نے اس ناول میں موجود وجودی کرداروں کی نشاندہی کی ہے اور آخر میں ایک نتیجے کی صورت میں مختلف ناقدین کی آرا کی روشنی میں اس ناول کا نتیجہ پیش کیا ہے۔ دوسرے باب میں نثار عزیز بٹ کے دوسرے ناول ”نے چراغے نے گلے“ کا سب سے پہلے خلاصہ پیش کیا ہے۔ اس کے بعد ناول میں موجود وجودی کرداروں کا مختصر جائزہ پیش کیا ہے اور آخری میں اس ناول کا نتیجہ پیش کیا ہے۔ اس مقالے کا تیسرا باب ”کاروان وجود“ کے عنوان سے ہے۔ اس باب میں مَیں نے اس ناول کے خلاصے کو مختصراً بیان کیا ہے اس کے بعد اس ناول میں موجود وجودی کرداروں کا جائزہ پیش کیا ہے اور آخری میں اس کا نتیجہ پیش کیا ہے۔ اس ناول کے چوتھے باب میں سب سے پہلے میں اس ناول کی کہانی کو مختصر کر کے خلاصے کی صورت میں پیش کیا ہے۔ اس کے بعد اس ناول میں موجود وجودی کرداروں کا جائزہ پیش کیا ہے اور آخر میں

اس ناول کا نتیجہ پیش کیا ہے۔ پانچویں اور آخری باب میں اس سارے کام کو چند صفحات میں سمیٹ کر محاکمے کی صورت میں پیش کیا ہے۔